بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سلام

بحضور امامِ ذی دوام **حضرتِ حسین** رضی اللہ عنہ

حاصل جنہیں دوام، حسینؑ ابنِ علی ہیں — ہر دور کے امام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

جِن کے لیے سواری بنیں دوشِ پیَمبر — وہ شاہِ ذی مقام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

لختِ جگر بتُول کے اور شیرِ خدا کے — سبطِ شہِ انام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

خدّام جن کے ہم ہیں حسنؑ نام ہے اُن کا — ہم جن کے ہیں غُلام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

پیاسا ہو کیسے ساقیٔ کوثر کا نواسا — ظاہر میں تشنہ کام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

خیمے ہیں، کربلا ہے، خموشی ہے، شفق ہے — عاشورہ کی ہے شام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

نورِ سحر سے شامِ غریباں کے دِیئے تک — روشن ہے جن کا نام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

سر دے دیا، جُھکے نہیں ظُلمت کے مقابل — اسلام کا پیام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

جو ہو چُکے ہیں دَور، زمانے جو آئیں گے — بھیجیں جنہیں سلام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

حامدؔ، ہر ایک دور کے ماتھے پہ لکھا ہے: — ہر دور کے امام، حسینؑ ابنِ علی ہیں

سیّد حامدؔ یزدانی

۱۰۔ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ

ٹورانٹو کینیڈا